ایاّمِ مکتب

احوالِ لذّتِ بال آزمائی

نومبر ۲۰۱۹

EDITORIAL

This is the third edition of the Matkab newsletter "Ayyam-e-Maktab". Maktab's newsletter was first published last year. The newsletter was still going through some problems, though this year things have improved. Last year we published two editions, but this year we plan on publishing three editions. Only half of the year has passed but like always so much has happened already. This year Maktab has sponsored three children from the Community Initiative Programme to participate in the First Lego League (FLL). Other than this, we have our annual Urdu play as well as the mathematics Olympiad (MISMO). Many students of Maktab have also participated in International Kangaroo Linguistic Contest (IKLC).

Maktab students are extremely unhappy these days because they are not allowed to play sports due to the recent smog in the Lahore area. The students are outraged as such a ban limits their physical activities. The problem of excessive homework that was highlighted in the previous two editions persists. The school administration is requested to look into the matter.

مدیر اعلیٰ: عائشہ ندیم

مدیر معاون: طلحہ اسماعیل

Preparation of Urdu Play

Maktab always encourages students to participate in extracurricular activities. Every year different competitions and events are held. One much awaited event is Maktab's Annual Play. Each year we alternate between English and Urdu plays. Last year we performed on Shakespeare's Macbeth and Roald Dahl's Charlie and the Chocolate Factory. Hence this year students will be performing in two Urdu plays. Junior school students will act in 'Chachha Chhakkan Ki Ainak Kho Gai Thi!' by Imtiaz Ali Taj while Middle School and High School students will perform in Saadat Hasan Manto's 'Insaaf'. All students have been given almost equal roles. Main characters have been divided, so that four to six students are enacting the role of one character. In this way everybody is getting an equal opportunity to act.

Mrs. Iffat Hassan, our Urdu teacher is helping the students to prepare the play by explaining their lines to the students and directing them to add expressions accordingly. The play practice is successfully going on due to the devotion and hard work of the students and Mrs. Hassan. Students are working very hard and are having lots of fun at the same time.

By Ayesha Farukh
Grade VI

Inter-House English Debating Competition

Discussions and debates are an important way of sharing one's thoughts and opinions with other people. Maktab held the Inter-House English Debating Competition for Junior, Middle and Senior schools. The topic of Junior School speech was "In this era of intense competition schools should focus more on academics than extracurricular activities". The topic for Senior and Middle School debate was "Should the UN be disbanded". In our school there are two houses: Rumi and Haytham. Equal number of students came onto the stage from both houses and debated on the given topics. The arguments given by both houses were very persuasive but there had to be a winner. The tensions were high in the auditorium as everybody waited for the results. The students of Rumi house burst into cheers and laughter as it was announced that Rumi house had won the competition. The spirits of the students were high and there was great display of sportsmanship as Haytham students congratulated their Rumi friends.

By Khalifa Danial
Grade IV

شمارہ نمبر۳

ایامِ مکتب

۹-نومبر یومِ اقبال

مکتب اپنے طلباء کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کو تعمیری شکل دینا چاہتا ہے، جس کے لئے مشہور علمی، ادبی شخصیات کے دن خصوصی طور پر منائے جاتے ہیں تا کہ بچوں کو ان کے خیالات کے بارے میں بتایا جاسکے۔ اس سال ۹ نومبر کی مناسبت سے ۸-نومبر جمعہ کے دن ڈرامہ پیریڈ میں ایک تقریب منعقد کی گئی-اس تقریب کی میزبانی ہماری استانی صاحبہ مسز حسن عباس نے کی۔ جماعت دہم کے عبد اللہ شفقت نے تلاوتِ کلامِ پاک کی۔

پھر جماعت اول اور دوم کے بچوں نے ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی نظم "بچے کی دعا پیش کی"، جماعت سوم کے طلباء و طالبات نے پرندے کی فریاد سنائی۔ جماعت چہارم، پنجم کے طلباء و طالبات نے اقبال کی مشہور نظم "ٹہنی پہ کسی شجر کی" پروگرام کے آخر میں جماعت ششم تا دہم کے طلباء نے اقبال کا پرجوش کلام "ہر لحظہ ہے مومن کی نئی ان نئی شان" پیش کر کے حاضرین کی خوب داد سمیٹی۔ پروگرام کے آخر میں ڈاکٹر عرفان صاحب نے اقبال کی فکر اور سوچ پر تفصیلی رائے دی جسے سُن کر مجھے اور دوسرے طلباء کو احساس ہوا کہ ہمیں ان اشعار پر عمل کرنا چاہئے۔

ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا   درد مندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

ماریہ مصعب
جماعت ہفتم

باغبانی ہے شوق میرا۔۔۔۔

جیسا کہ ہم سب فارغ وقت میں کوئی نہ کوئی مشغلہ رکھتے ہیں تو میرا شوق باغبانی ہے، یعنی پھول، پودے اُگانا۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کی اس شوق کو پورا کرنے کے لئے مجھے میرے اسکول میں ہی موقع مل جاتا ہے۔ اصل میں میرا اسکول "مکتب" بچوں کو گارڈنگ، چیس اور ڈرامہ کلب جیسی سہولت مہیا کرتا ہے جسے بچے اپنے شوق کے مطابق چنتے ہیں اور بہت کچھ سیکھتے ہیں۔

میں باغبانی والی کلب کی رُکن ہوں جس میں ہم اپنی معاون استانی صاحبہ مس فائزہ کے ساتھ مل کر مالی بابا کی مدد سے ہر موسم کے پھول اور سبزیاں اُگاتے ہیں، اس سلسلے میں ہمارے کلب کا صدر عانش ہماری راہنمائی کرتا ہے کہ ہمیں کس موسم میں کونسے پودے لگانے ہیں اور کلب کا خزانچی مبین ان کاموں کے لئے پیسے مہیا کرتا ہے۔ مجھے اس کلب میں کام کر کے پودوں اور بیجوں کے متعلق بہت معلومات مل رہی ہیں۔ ان ننھے ننھے بیجوں سے نکلنے والے پودوں اور پھلوں کو دیکھ کر بہت خوشی بھی ہوتی ہے۔

ثمین عرفان
جماعت چہارم

اسکول اسمبلی

اسکول اسمبلی کسی بھی اسکول کے ایک دن کے پروگرام میں بہت اہمیت رکھتی ہے، اسی طرح مکتب کی اسمبلی بھی بہت خاص ہوتی ہے۔ صبح سات بج کر بیس منٹ ہوتے ہی ٹن ٹن کی آواز ہمیں اطلاع دیتی ہے کہ اب ہمیں اسمبلی کے چبوترے کے سامنے اپنے اپنے ہاوس کی قطار میں کھڑے ہونا ہے۔ بہت خوبصورت منظر ہوتا ہے جب جونیر اسکول کے طلباء و طالبات کھیل کے میدان سے اپنی اپنی لائن میں آگے کھڑے ہونے کے لئے دوڑتے، ہانپتے اسمبلی کے مقام پر پہنچتے ہیں۔ روزانہ ایک ہاوس کی اسمبلی کی میزبانی کی باری ہوتی ہے، جس میں باری باری بچے تلاوتِ کلامِ پاک، سوال و جواب، دلچسپ خبریں اور خاص دنوں کے حوالے سے خصوصی اسمبلی اور مختصر ڈرامے بھی پیش کرتے ہیں۔ اس کی خاص بات اسکول کی پرنسپل "مسز عرفان" کا شامل ہونا ہوتا ہے، جو ہر روز اسمبلی کی پیشکش کو سراہتے یا اصلاح کرتے ہوئے ہم سب کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔ آخر میں ہم سب بچے اور اساتذہ یک زبان ہو کر قومی ترانہ پڑھتے ہیں اور یونیفارم کی چیکنگ کے بعد اپنی اپنی کلاسوں کا رُخ کرتے ہیں۔ یوں ہر دن کا آغاز معلومات سے بھرپور ہوتا ہے۔

اشہل عباس
جماعت ہشتم

کیک ہی کیک۔۔۔۔۔۔۔۔

عنوان نے حیران تو کر دیا ہو گا آپ کو صاحبو! میں نے بیکری کا کاروبار نہیں شروع کیا بلکہ میں تو ذکر کر رہا ہوں اسکول میں آنے والے سالگرہ کے کیکوں کی۔ جب اس کیک کا تعلق میری جماعت کے کسی ساتھی طالبعلم سے ہوتا ہے تو یہ راحت و خوشی کا باعث ہوتا ہے، مگر جب جب یہ کسی اور جماعت کے بچے کی سالگرہ کے لئے کٹتا ہے تو میرا تو جگر کٹتا، جی کڑھتا اور دل سلگتا رہتا ہے۔ جس وقت کیک کٹنے کی تقریب مکتب ایکٹیوٹی روم میں ہو رہی ہوتی ہے، تو دوسری جماعتوں کے طلباء و طالبات حسرت و یاس کی تصویر بنے اس کمرے کی کھڑکیوں سے چپکے ہوتے ہیں۔ کمرے سے باہر نکلنے پر بہن، بھائی نا صرف لالچی نگاہوں سے دیکھ رہے ہوتے ہیں بلکہ بہانے سے آپ سے ملنے بھی آتے ہیں۔ یوں آپ کو محبت کے مارے مجبور ہو کر یا ان کی نظروں کو بھانپتے ہوئے انہیں دینا ہی پڑتا ہے۔ دوسرے بچے آپ کو اس طرح کی نظروں سے دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ جیسے آپ ہیرے، جواہرات سے بھری کان سے باہر نکلیں ہیں۔ مگر جو بھی ہو میں تو یہی تمنا اور دعا کرتا ہوں کہ میری جماعت میں اتنے بچے تو ہوں ہی کہ ہر ہفتے ایک کیک کھانے کو ملے۔ اس میں میرا ذاتی کوئی فائدہ نہیں میں تو دوسروں کی خوشی میں خوش رہنے والا ہوں۔

طلحہ اسمعیل
جماعت نہم

Faculty Advisors: Mr. M. Shoaib, Ms. L. Zeeshan, Ms. I. Hassan

Our School Trip

The school trip was just around the corner. Maktab takes its students to interesting and educational locations every year. This year was no different and the school administration decided to take its students of Grades I till Grade III to the Lahore Zoo and Grades IV till Grade X to the National History Museum and Lahore Fort. The students were very enthusiastic and eager to go these fascinating places. In the History Museum, student heard recordings of Quaid-e-Azam related to the partition of the subcontinent. Some of Jinnah's letters were also on display. The next part of the trip was visiting the Lahore Fort. The students had lots of fun and were mesmerized after seeing this beautiful fort. The students had lots of fun, learned a great deal from this trip and made many great memories.

Abdullah Nadeem
Grade IV

IKLC

IKLC is an international competition which tests students' English language skills according to their grade level. On 14th November 2019 many Maktab students from Grades I to X participated in the IKLC competition. They worked very hard by practicing both in school and at home. The students practiced their English language skills under the supervision of Ms. Mehak Sabih. Maktab students prepared for the competition by solving past IKLC papers, reading different English Language books, as well as memorizing spellings, learning new words and phrases etc. Time management was an issue since many other activities were happening at school. Hopefully our students will be successful and make Maktab proud as they have done on numerous other occasions.

Fatima Nadeem
Grade IX

The Bake Sale
In Quest of the Camera

This year the Drama Club is determined to learn about film making and eventually wants to make a movie about Life at Maktab. The members of the club needed to raise money to buy a camera, so they decided to have a bake sale. The bake sale had lots of delicious homemade foods such as pizza, cookies, cupcakes, pasta etc. All the students and teachers enjoyed this bake sale a lot. Now that the Drama Club has raised the money needed to buy a camera, they are trying to find resources to help them learn various aspects of filmmaking.

Ishbel Farooqi
Grade IV

First Lego League

This year again, many students of Maktab are participating in the First Lego League (FLL). FLL is a worldwide robotics competition. The main theme this year is 'Safe City', in which students must choose a problem to solve as well as program a robot to perform various missions. This has to be done while keeping in mind the core values: discovery, innovation, impact, inclusion, teamwork, and fun. Last year, many of our students participated in FLL representing Maktab in two teams. Those students were very successful as they qualified for both the regionals in Lahore as well as the nationals in Islamabad. This year Maktab has two teams, and is sponsoring three students from the Community Initiative Programme. In this community programme, Maktab faculty and students teach children in the surrounding village areas about coding, web development etc. The FLL students have just started their various tasks such as choosing a topic for the project, getting comfortable with the coding language etc. Hopefully they will be successful and learn a lot from this experience.

Aaisha Nadeem
Grade X

تقریری مقابلہ ومباحثہ برائے سال ۲۰۱۹ء

انگریزی تقریری مقابلے کے بعد ہارنے والا ہاوس جیتنے کے لئے اور جیتنے والا ہاوس اپنی فتح کے سلسلے کو آگے بڑھانے کے وعدوں کے ساتھ ہال سے باہر آیا اور کچھ دن بعد ہی اردو تقریری مقابلے کا اعلان ہوا۔ تمام طلباء وطالبات

ایک بار پھر ایک اور مقابلے کی تیاری میں مصروف ہو گئے۔ پہلے ہاوس کے طلباء وطالبات میں مقابلہ ہوا اور بہترین کھلاڑی میدان میں اتارنے کا فیصلہ

کرتے ہوئے اپنی اپنی ٹیم بنائی گئی۔ ۲۸-اکتوبر کو اسکول کے آڈیٹوریم میں اس مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس کی میزبانی کے فرائض رمشاء مامون نے ادا کئے۔

پہلے مرحلے میں جونیئر اسکول کے تقریری مقابلے میں جماعت پنجم کی طالبہ ردا عثمان اور ششم سے فیبحہ بتول نے رومی ہاوس اور جماعت پنجم سے عانش اور ششم سے زویا جمال نے ہیثم کی نمائندگی کی، اور عنوان "کیا دورِ جدید کا انسان ماحولیات کی بہتری کے لئے سنجیدہ ہے؟" پر اپنے خیالات پیش کئے۔
دوسرے مرحلے میں مڈل اسکول کے رومی ہاوس کی ٹیم میں عبید الرحمن اور ماہم ملک اور ہیثم ہاوس سے طلحہ اسمعیل اور محمد یوسف آمنے سامنے آئے اور عنوان "ترقی کا واحد ذریعہ ڈیموں کی تعمیر میں پوشیدہ ہے" کی موافقت و مخالفت میں دلائل پیش کئے۔ تیسرے مرحلے میں ہائی اسکول سے رومی ہاوس کے نمائندے عبد اللہ اور ہیثم ہاوس سے ایمن نے اختتامی بیان پیش کئے۔
مقابلے کے اختتام پر منصفین محترمہ روزی رضوی صاحبہ اور محترم جمیل بھٹی صاحب نے نتائج مرتب کئے جن کے مطابق جونیئر اسکول میں انفرادی طور پر زویا جمال اور مڈل اسکول کی انفرادی فاتح ماہم ملک اور ہائی اسکول سے عبد اللہ شفقت قرار پائے۔ جونیئر میں فاتح ہاوس ہیثم، مڈل میں رومی اور ہائی اسکول میں بھی رومی ہی طے پائے۔ جس پر تمام ہال رومی، رومی کے نعروں سے گونج اُٹھا۔

عمر سلطان ڈار
جماعت چہارم